اذان کے جواب کی دعا

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جب تم اذان سنو تو ویسے ہی کہو جیسے مؤذن کہتا ہے۔(متفق علیہ)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جب موذن "اللَّهُ أَكْبَرُ" کہے تو تم بھی "اللَّهُ أَكْبَرُ" کہو۔ جب "أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ" کہے تو تم بھی "أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ" کہو۔ اور جب "أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللهِ "کہے تو تم بھی "أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللهِ "کہو۔ اور جب "حَيَّ عَلَى الصَّلاَةِ" کہے تو کہو "لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ" اور جب "حَيَّ عَلَى الفَلاَحِ" کہے تو کہو "لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ" جب "اللَّهُ أَكْبَرُ اللَّهُ أَكْبَرُ کہے تو کہو "اللَّهُ أَكْبَرُ اللَّهُ أَكْبَرُ"۔ جب کہے "لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ" تو کہو "لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ"۔ جو شخص خلوصِ قلب سے یہ کہے گا جنت میں داخل ہو گا۔ (مسلم)